سوال

(139)جب نمازی یہ محسوس کرے کہ کوئی چیز خارج ہوئی ہے تو۔۔۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب میں نماز کے لئے وضو کرتا ہوں تو دوران وضو یوں محسوس ہوتا ہے کہ عضو تناسل سے کوئی چیز نکل رہی ہے تو کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ میں ناپاک ہو گیا ہوں یا نہیں؟ اگر میں نماز پڑھتے ہوئے اس طرح محسوس کروں تو اس سے میری نماز باطل ہو جائے گی یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازی کے یہ محسوس کرنے سے کہ اس کی دبر یا قبل سے کوئی چیز خارج ہوئی ہے وضو باطل نہیں ہوتا، لہذا اس کی طرف التفات نہیں کیا جائے گا کیونکہ یہ شیطانی وسوسہ ہے۔ نبی کریم ﷺ سے اس طرح کی صورت حال کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا کہ ''اس وقت تک نماز نہ توڑے جب تک آواز نہ سن لے یا بدبو محسوس نہ کرے۔'' (متفق علیہ)

[مقالات وفتاویٰ ابن باز]

صفحہ 247

محدث فتویٰ